روح اخبار

—— ایک سرکاری بیان میں بتلایا گیا ہے کہ عراق میں اس سال گیہوں کی اچھی فصل ہے اندازہ ہے کہ ۸ لاکھ ٹن گیہوں پیدا ہو جائیگا گذشتہ ۳۷ء میں عراق نے ۱۳۰۰۰۰ ٹن گیہوں باہر بھیجا تھا۔ وزیر مالیات نے یقین دلایا ہے کہ اس سال عراق میں کافی گیہوں ہوگا (تیج ۲۲ ۸/۴۲ء)

—— حکومت بمبئی نے کم تنخواہ والے ملازموں کو مہنگائی کا الاؤنس دینے کی تجویز پر پھر نظر ثانی کی ہے۔ جن ملازموں کی تنخواہ سو روپیہ ماہانہ سے زیادہ نہیں ہے ان کو ۷½ روپیہ ماہانہ الاؤنس دیا جائیگا۔ جن ملازموں کی تنخواہ ۵۰ روپیہ ماہانہ سے زیادہ نہیں ہے ان کو چھ روپیہ ماہانہ الاؤنس دیا جائیگا۔ (〃)

—— سلسلہ رسل و رسائل کی مشکلات اور لڑائی کے دوران میں قیمتی دستاویز بھیجنے میں خطرہ کے پیش نظر اور ۳½ فیصدی کے انڈیا سٹرلنگ سٹاک بابت ۱۹۳۱ء یا اس کے بعد کے قرضہ کی ادائیگی میں سہولت پیدا کرنے کے لئے ریزرو بنک آف انڈیا بحیثیت ایجنٹ بنک آف انگلینڈ یکم اکتوبر ۴۲ء سے آئندہ نوٹس تک بمبئی اور کلکتہ آفسوں میں بنکوں اور منظور شدہ دلالوں سے مذکورہ سکورٹی کے سٹاک اور دستاویز وصول کریگا اور بنک آف انگلینڈ کو ادائیگی کے لئے بھیجدے گا ریزرو بنک کے کلکتہ اور بمبئی آفسوں سے پورے حالات طلب کئے جا سکتے ہیں (تیج ۲۱ ۸/۴۲ء)

—— ہندوستان میں فصل گندم کا آخری تخمینہ حسب ذیل ہے۔

۴۲-۱۹۴۱ء میں رقبہ زیر کاشت ۹۷۹۰۰۰۰ ایکڑ ہے اس کے بالمقابل گذشتہ سال زیر کاشت رقبہ ۳۴۸۹۰۰۰ ایکڑ تھا۔ گویا رقبہ میں ۲٫۵ فیصدی کی تخفیف ہوئی موجودہ پیداوار کا تخمینہ ۱۰۰۰۷۰۰۰ ٹن ہے اس کے مقابلہ میں گذشتہ سال پیداوار ۱۰۰۲۰۰۰ ٹن تھی گویا پیداوار میں گذشتہ سال کی نسبت ۴٫۰ فیصدی کا اضافہ ہوا (〃)

—— ایک اجنبی ریڈیو اسٹیشن سے یہ افواہ مشہور کی گئی ہے کہ مملکت عربیہ سعودیہ نے حکومت برطانیہ کو جدہ کے شمال اور ریاض کے [illegible] مستقر قائم کرنے کی اجازت دیدی ہے۔ حکومت سعودیہ عربیہ اس خبر کو بے بنیاد قرار دیتی ہے اور اعلان کرتی ہے کہ حجاز مقدس کے کسی گوشے میں کسی اجنبی حکومت کو کسی قسم کی رعایت نہیں دی جا سکتی اور اس قسم کی افواہ میں کوئی صداقت نہیں ہے (زمزم ۱۹ ۸/۴۲ء)

—— معلوم ہوا ہے کہ حکومت کشمیر ۵۰ ہزار من گندم کی خریداری کی منظوری پہلے ہی گورنر جموں کو دے چکی تھی۔ اب ایک لاکھ من اور خریدنا چاہتی ہے۔ اس کے بدلے میں یو۔ پی گورنمنٹ کو ۲ لاکھ من چاول دیئے جائیں گے۔ (〃)

—— کوئٹہ میں مقامی حکام نے خوراک پر پابندی لگا دی ہے جس کی رو سے ہر کنبے کے افراد کی تعداد کی تصدیق کرانی ہوگی۔ ہر ایک آدمی کے لئے ۱۲ چھٹانک آٹا، ایک چھٹانک دال، ایک چھٹانک گھی۔ ایک چھٹانک کھانڈ اور سوا تولہ نمک مقرر کیا گیا ہے (زمزم 〃)

جناب شیخ عبدالوہاب صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔